04-09-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ مرکزی وزیر انصاف وقانون نے ایک نیا نوٹری پورٹل جاری کیا ہے۔اس آن لائن پورٹل سے حکومت کی مختلف اسکیمات کے لئے درخواستیں داخل کرنے میں مدد ملے گی۔

☆ حیدرآباد اور وجئے واڑہ کے درمیان چار دن کے وقفہ کے بعد ٹرین خدمات کو بحال کردیا گیا ہے۔

☆ بی آر ایس پارٹی کے ایم ایل ایز اور ایم ایل سیز ریاست بھر میں سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ بطور عطیہ دیں گے۔

☆ سرکردہ ماؤنواز لیڈر رماچرلہ ای سوبو کو کل چھتیس گڑھ میں پولیس کے ساتھ مدبھیڑ کے دوران ہلاک کردیا گیا۔

☆ تلنگانہ کے اضلاع آصف آباد، منچریال، بھوپال پلی اور ملوگو میں مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے اضلاع کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، جئے شنکر بھوپال پلی اور ملوگو میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ اسی مدت کے دوران اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، بھوپال پلی، ملوگو، کتہ گوڑم، کھمم اور محبوب آباد مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہوگیا ہے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کتہ گوڑم، نظام آباد، سدی پیٹ میں کہیں کہیں انتہائی شدید بارش ہوئی جبکہ نظام آباد، سدی پیٹ کے علاوہ گدوال، کریم نگر، آصف آباد، نرمل، پداپلی، رنگاریڈی، سنگاریڈی اور سوریا پیٹ اضلاع میں بھی بعض مقامات پر شدید بارش درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹرا سمیتی نے اعلان کیا ہے کہ اس کے ایم ایل ایز، ایم ایل سیز ریاست بھر میں راحت پہنچانے کے مقصد سے سیلاب کے متاثرین کو اپنی ایک ماہ کی تنخواہ کا عطیہ دیں گے۔ پارٹی کے صدر وسابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے یہ فیصلہ کیا ہے۔سابق وزیر وسینئر لیڈر ہریش راؤ نے یہ بات بتائی۔بی آر ایس کی قیادت نے پارٹی کیڈر پر اس بات کیلئے بھی زور دیا ہے کہ بچاؤ اور راحت کے آپریشن میں سرگرمی سے حصہ لیں جبکہ ضرورت مندوں کی مدد کیلئے عطیہ دینے کیلئے بھی کہا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

شدید بارش اور سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان سفر کرنے والے مسافرین کے مالی بوجھ کو کم کرنے کے مقصد سے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) نے راجدھانی اے سی اور سوپر لگژری بسوں میں حیدرآباد۔وجئے واڑہ روٹ پر دس فیصد ڈسکاؤنٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔آر ٹی سی کے عہدیداروں نے کہا کہ چونکہ حیدرآباد۔وجئے واڑہ روٹ پر زبردست ٹرافک جام رہتی ہے بالخصوص ہفتہ کے اختتامی دن کے دوران یہ صورتحال رہتی ہے لہذا اس روٹ پر مسافرین کو ڈسکاؤنٹ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔آر ٹی سی عہدیداروں کے مطابق کارپوریشن کی جانب سے قبل از وقت اپنے ٹکٹ بک کرانے والے مسافرین کو پہلے ہی ڈسکاؤنٹ دیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ ڈرگ کنٹرول ایڈمنسٹریشن (ٹی ایس ڈی سی اے) محکمہ نے میڈیکل شاپس اور ہاسپٹلس پر زور دیا ہے کہ نشہ والی دوائیں، رجسٹر شدہ میڈیکل پریکٹیشنر (آر ایم پی) کی جانب سے لکھے جانے کی صورت میں ہی فروخت کی جائیں۔اس طرح کی دواؤں کی تفصیلات ایک رجسٹر میں رکھی جائیں۔ڈی جی ڈرگ کنٹرول کملاسن ریڈی نے یہ بات بتائی۔ٹی ایس ڈی سی اے نے کہا کہ ذیابطیس والی نیوروپیتھی اور دیگر مخصوص امراض کے لئے ملک میں منظور شدہ ہے۔

☆☆☆☆☆

ضلع بھدرادری کتہ گوڑم میں واقع بھدراچلم سے بہنے والی گوداوری ندی میں پانی کا نشان پہلی وارننگ کے خطرہ کو پار کر گیا ہے جیسا کہ بالائی علاقوں سے گوداوری میں پانی کا تیزی سے بہاؤ جاری ہے۔ گوداوری میں آج دوپہر سطح پہلی وارننگ کے لیول تک 43 فٹ ہوگئی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس روہت راجو نے آس پاس کے مواضعات میں رہنے والے عوام سے اپیل کی ہے کہ چوکس رہیں اور عہدیداروں کی ہدایات پر عمل کریں۔ عہدیداروں نے چیرلہ کے مقام پر واقع تالی پیرو آبپاشی پراجکٹ کے چھ دروازے کھول دیئے ہیں۔ اسی طرح پالنچا منڈل میں واقع کینز اسانی پراجکٹ کے بھی چھ دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ برگم پاڈ کے تحصیلدار مجاہد نے کسانوں اور بھیڑیں پالنے والے افراد سے چوکس رہنے اور دریا کو عبور نہ کرنے کیلئے کہا ہے۔ کتہ گوڑم ضلع کے کلکٹر جتیش پاٹل نے بارش کے پیش نظر آج سے اسکولوں کو آدھا دن تک چلائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ اسی دوران کھمم کے کلکٹر مزمل خان نے تعطیلات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ احکام کی خلاف ورزی پر سخت کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں نے لوور مانیر ڈیم LMD سے پانی چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے کیوں کہ گزشتہ چند دن کے دوران ہی شدید بارش اور پانی کے بہاؤ میں اضافہ کے سبب اس پراجکٹ میں کافی پانی جمع ہوگیا ہے۔ عہدیداروں نے مانیر ندی کے آب گیر علاقوں میں واقع مواضعات کی عوام کو چوکس کردیا ہے اور ندی کے قریب نہ جانے پر زور دیا ہے۔ ایگزیکٹیو انجینئر ناگا بھوشن راؤ نے ایک بیان میں کہا کہ اس بات کا امکان ہے کہ ایل ایم ڈی کے پانی کو فلڈ گیٹس کھولتے ہوئے چھوڑا جائے گا کیوں کہ اس ذخیرہ آب کے آب گیر علاقوں میں شدید بارش کی بناء پر پانی کا بہاؤ تیزی سے جاری ہے۔ ناگا بھوشن راؤ نے ماہی گیروں، بھیڑیں پالنے والوں اور کسانوں کو مشورہ دیا کہ ندی کے قریب نہ جائیں۔

☆☆☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد (جی ایچ ایم سی) نے شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر عوام کیلئے رہنمایانہ خطوط جاری کئے ہیں، جن پر آج سے عمل درآمد ہوگا۔ عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ خاص طور پر شدید بارش کے دوران گھروں تک محدود رہیں اور بہت زیادہ ضروری کام کی صورتحال میں ہی باہر نکلیں۔ جی ایچ ایم سی نے شہریوں کو درختوں کے نیچے پناہ لینے سے باز رہنے کا انتباہ دیا اور ان پر زور دیا کہ پانی جمع ہوئے علاقوں میں سفر کرنے سے گریز کیا جائے۔ بحران کی صورتحال میں کسی بھی طرح کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے ایمرجنسی کی ٹیمیں چوکس رہیں گی جبکہ عوام کنٹرول روم پر 040-21111111 یا 9000113667 پر ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ڈی آر ایف) سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹس پروٹیکشن ایجنسی (حیڈرا) کے کمشنر اے وی رنگا ناتھ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر کوئی شخص غیر مجاز قبضوں کے نام پر کسی کو دھمکاتے ہوئے رقم حاصل کرتا ہے تب اس کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی اور جیل کی سزا بھی ہوسکتی ہے۔ حیڈرا کے کمشنر نے آج ایک بیان میں کہا کہ بعض افراد سماجی خدمات کے نام پر بلڈرس سے رجوع ہورہے ہیں اور ان کی عمارت بفرزون یا آب گیر علاقہ میں ہونے کی بات کرتے ہوئے بلیک میل کررہے ہیں۔ نیز اس بات کی بھی دھمکی دی جارہی ہے کہ اس سلسلہ میں حیڈرا سے شکایت کی جائے گی۔ حیڈرا کے کمشنر نے عوام پر زور دیا کہ اس طرح کے افراد کی باتوں میں نہ آئیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد اور وجئے واڑہ کے درمیان ریل خدمات کو چار دن کے بعد آج بحال کردیا گیا۔ ریلوے کے عہدیداروں نے آکاش وانی کو بتایا کہ چار دن کے بعد وجئے واڑہ اور حیدرآباد کے درمیان ٹرین خدمات بحال کردی گئی ہیں۔ اس سلسلہ میں ٹرائیل رن کیا گیا۔ جس کے تحت گولکنڈہ ٹرین کو وجئے واڑہ سے براہ گنٹور، ورنگل، حیدرآباد ٹرین کو چلایا گیا۔ عہدیداروں نے مزید بتایا کہ انتے کانے اور کے سمدرم کے درمیان ریلوے ٹریاکس کی مرمت کا کام جاری ہے اور توقع ہے کہ آج رات تک یہ کام مکمل کرلیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

سرکردہ ماؤنواز لیڈر رمانچرلہ ای سوبو عرف جگن عرف دادا رندیو عرف رندھیر کوجس کے سر پر پچیس لاکھ روپئے کا نقد انعام تھا، چھتیس گڑھ میں کل پولیس کے ساتھ مدبھیڑ کے دوران ہلاک کر دیا گیا۔ رندھیر، سی پی آئی ماؤنواز پارٹی کی سنٹرل ملٹری کا انچارج تھا۔ وہ ڈنڈا کارانیا اسپیشل زون کمیٹی کا ممبر تھا اور اس کا تعلق ضلع ہنمکنڈہ کے منڈل قاضی پیٹ کے موضع تیکولا گوڑم سے تھا۔ وہ 1980 میں ماؤنواز تحریک میں شامل ہوا تھا اور ماؤسٹ سنٹرل کمیٹی میں ایک اہم عہدہ پر فائز ہو گیا تھا۔ دنتے واڑہ کے سپر نٹنڈنٹ آف پولیس گورورائے نے کہا کہ رندیپ کے پسماندگان میں تین بچے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست میں مسلسل بارش کے باعث ضلع یادادری بھونگیر کے منڈل ولی گنڈہ کے موضع سنگم میں موسیٰ ندی کا پانی برتج کے اوپر آ گیا ہے۔ اس بناء پر بولے پلی اور سنگم کے درمیان سڑک کا رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ احتیاطی اقدامات کے طور پر پولیس نے اس برتج کی دونوں جانب رکاوٹیں کھڑی کر دی ہیں اور کسی کو بھی پل پر جانے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔ عہدیداروں نے موسی پراجکٹ کے چار دروازے کھولتے ہوئے پانی کو چھوڑا ہے۔

☆☆☆☆☆

قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے نئی دہلی میں آج ایک نوٹری پورٹل جاری کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اس پورٹل کو شروع کرنے کی ستائش کی اور کہا کہ کاغذ کے بغیر عمدگی کے ساتھ ڈیجیٹل انڈیا کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے یہ ایک اہم قدم ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ یہ پورٹل صارفین کی سہولت کیلئے بنایا گیا ہے جس سے انہیں کافی مدد ملے گی۔ اس نوٹری پورٹل کے ذریعہ مختلف سرٹیفکیٹس کی تجدید اور دیگر امور کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ اس پورٹل کے شروع کرنے سے درخواستیں اور عرضیاں کاغذ پر داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆